# 14-11-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ کانگریس امیدوار نوین یادو نے حلقہ اسمبلی جوبلی ہلز کا ضمنی انتخاب جیت لیا ہے۔ انہوں نے اپنی قریبی ٹی آر ایس امیدوار سونیتا کو 24,729 ووٹ کے فرق سے ہرایا۔

۲۔ ریاستی وزیر سیتا اکا نے حیدرآباد کے پرجا بھون میں فرینڈ شپ گروپس کے نام سے ریاست میں اپنی نوعیت کا اولین پروگرام شروع کیا۔

۳۔ تلنگانہ ہائی کورٹ نے ریاستی حکومت کو 24 نومبر تک ادارہ جات مقامی انتخابات کا اعلان کرنے کی ہدایت دی ہے۔

۴۔ نائب صدر رادھا کرشنن نے کہا ہے کہ ہندوستان دنیا کی تیسری عالمی معیشت بننے کی راہ پر ہے جبکہ ملک ایک بڑے اسٹارٹ اپ مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے۔

BY- ELECTION:

جوبلی ہلز اسمبلی کے ضمنی انتخاب میں کانگریس کے امیدوار نوین یادو نے واضح برتری کے ساتھ کامیابی حاصل کی۔ انہوں نے بی آر ایس کی امیدوار ماگنٹی سنیتا کو 24 ہزار 729 ووٹ کے فرق سے شکست دی۔ نوین یادو کو 98 ہزار 988 ووٹ ملے جبکہ ان کی حریف کو 74 ہزار 259 ووٹ حاصل ہوئے۔ بی جے پی امیدوار لنکالا دیپک ریڈی نے 17 ہزار 61 ووٹ حاصل کیئے۔ الیکشن کمیشن نے باضابطہ اعلان جاری کرتے ہوئے نوین یادو کی کامیابی کی توثیق کی اور ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر آر وی کرنن نے انہیں رسمی سرٹیفکیٹ جاری کیا۔ ووٹوں کی گنتی کے دوران شروع سے ہی نوین یادو کو برتری حاصل رہی اور ہر مرحلہ میں فرق بڑھتا گیا۔ بی آر ایس امیدوار کسی بھی راؤنڈ میں برتری حاصل نہ کرسکیں۔ اس

واضح کامیابی نے ریونت ریڈی حکومت اور کانگریس کارکنوں کے حوصلے بلند کردیئے ہیں۔تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے کہا کہ ضمنی انتخاب کا نتیجہ کانگریس حکومت کی ترقیاتی اورفلاحی پالیسیوں کی توثیق ہے۔وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ جوبلی ہلز کے نتائج عوام کی ترقی کے حق میں خواہش کوظاہر کرتے ہیں،جیسا کہ حال ہی میں سکندرآباد کنٹونمنٹ کے ضمنی انتخاب میں دیکھا گیا۔انہوں نے کہا کہ ووٹروں نے بی آر ایس کومسترد کردیا ہے۔

SEETHAKKA:

تلنگانہ بھرمیں آج ایک نئی اسکیم کا آغاز کیا گیا جس کا مقصد ریاست کی نوعمرلڑکیوں کو بااختیار بنانا ہے۔خواتین واطفال بہبود کی وزیر دساری اناسویا سیتا اکا نے پراگتی بھون میں ریاست کے پہلے 'فرینڈشپ گروپس' کا افتتاح کیا۔یہ گروپس 15 سے 18 سال کی لڑکیوں کواعتماد،آگاہی اورزندگی کی مہارتوں کے لئے یکجا کریں گے۔وزیر سیتا اکا نے کہا کہ مقصد ہرلڑکی کومحفوظ،صحت منداور باشعور لیڈر بنانا ہے۔ان گروپس میں صحت سے متعلق آگاہی،ذہنی صحت،ماہواری کی صفائی،خون کی کمی میں کمی،مناسب غذائیت،سائبر سیفٹی،آن لائن بدسلوکی سے بچاؤ،ہنرمندی کی تربیت، کیریئر گائیڈنس اور مالی خودمختاری جیسے امور شامل ہوں گے۔اسکیم کا دائرہ کار ریاست کی 19.13 لاکھ نوعمرلڑکیوں تک ہے۔اب تک 6 ہزار 138 فرینڈشپ گروپس تشکیل دیے جاچکے ہیں جن میں 65 ہزار 615 لڑکیاں شامل ہیں۔

COLD WAVE:

ضلع سنگاریڈی کے منڈل پٹن چیرو میں کل سب سے کم درجہ حرارت 9 ڈگری درج کیا گیا۔محکمہ موسمیات کے مرکز نے اپنی روزانہ کی رپورٹ میں انتباہ دیا ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران

اضلاع عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، نرمل، سنگاریڈی اور میدک میں مختلف مقامات پر سردی کی لہر برقرار رہ سکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ریاست بھر میں آئندہ 2 تا 3 دن کے دوران توقع ہے کہ اقل ترین درجہ حرارت معمول سے 3 تا 4 ڈگری کم رہے گا۔

KTR:

بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے کہا ہے کہ حلقہ اسمبلی جوبلی ہلز کے ضمنی انتخاب میں عوام کی جانب سے دئے گئے فیصلہ کا پارٹی احترام کرتی ہے۔ پارٹی کی خراب کارکردگی کے بعد ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کے ٹی آر نے کہا کہ بی آر ایس انتخابی نتیجہ پر خود کا محاسبہ کرے گی۔

HC:

تلنگانہ ہائی کورٹ نے ادارہ جات مقامی انتخابات کے انعقاد میں تاخیر پر آج ریاستی حکومت کے موقف پر سوال اٹھایا اور ہدایت دی کہ 24 نومبر تک انتخابات کے شیڈول کا اعلان کیا جائے۔ عدالت نے زور دے کر کہا کہ میعاد ختم ہونے کے بعد 6 ماہ کے اندر پنچایت انتخابات بہر صورت کرائے جائیں۔ عدالت نے یہ بات نوٹ کی کہ انتخابات کے انعقاد کیلئے کسی اور طرح کا اعتراض نہیں کیا گیا بلکہ صرف بی سی ریزرویشن کا معاملہ ہی اٹھایا گیا۔ ریاستی الیکشن کمیشن نے ہائی کورٹ کو بتایا کہ اس کا منصوبہ ہے کہ مواضعات میں انتخابات کرائے جائیں جن میں وہ اضلاع شامل نہیں ہوں گے جہاں بی سی تحفظات کا معاملہ درپیش ہے۔ عدالت نے یہ بات بھی نوٹ کی کہ انتخابات کو مرحلہ واری طریقہ سے منعقد کرنا مناسب نہیں ہے۔ بنچ نے تلنگانہ حکومت کو واضح ہدایت دی کہ 24 نومبر سے پہلے انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کردیا جائے۔

CRICKET:

کرکٹ میں ہندوستان ٹیم نے جنوبی آفریقہ کے خلاف کولکتہ کے ایڈن کارڈنس میں کھیلے جارہے پہلے ٹسٹ کے پہلے دن آج کھیل ختم ہونے تک ایک وکٹ کھوکر 37 رن بنالئے۔اس سے پہلے جنوبی آفریقہ نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔تاہم مہمان ٹیم اپنی پہلی اننگز میں صرف 159 رن بنا کر آل آؤٹ ہوگئی۔ ہندوستانی باؤلرس نے اپنا دبدبہ دکھایا جبکہ فاسٹ باؤلر جسپر یت بمرانے 5وکٹس حاصل کئے۔اسی طرح محمد سراج اور کلدیپ یادو نے فی کس 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

PIB FACT CHECK:

مرکزی حکومت نے ڈیجیٹل طریقہ سے چھیڑ چھاڑ کے ذریعہ سوشل میڈیا پر زیر گشت ایک ویڈیو کو مسترد کردیا ہے جس میں یہ دکھایا گیا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی، روزانہ آسان آمدنی کیلئے ایک انوسٹمنٹ اسکیم کی پیشکش کی حمایت کررہے ہیں۔پی آئی بی کے فیکٹ چک یونٹ نے وضاحت کی ہے کہ یہ ویڈیو جعلی ہے جبکہ حکومت کی جانب سے اس طرح کی کوئی اسکیم جاری نہیں کی گئی ہے۔عوام کواس طرح کی سرمایہ کارانہ اسکیمات سے محفوظ رہنے کیلئے کہا گیا ہے۔

CCI:

تلنگانہ کاٹن فارمرس اسوسی ایشن کے ارکان نے آج ورنگل میں واقع کاٹن کارپوریشن آف انڈیا کے علاقائی دفتر کے روبرو دھرنا دیا اور مطالبہ کیا کہ کپاس کی خریداری میں درپیش مسائل کو حل کیا جائے۔ اسوسی ایشن کے ریاستی کنوینر چندو نائک نے مطالبہ کیا کہ سی سی آئی، کسان کپاس ایپ رجسٹریشن جیسے قواعد سے دستبرداری اختیار کرلے۔ انہوں نے کہا کہ کپاس کو کسی بھی حالت میں خریدا جانا چاہئے اور سابق کی طرح 12 کنٹل فی ایکڑ کپاس اگانے کی اجازت دی جائے۔

KISHAN REDDY:

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ وہ جوبلی ہلز کے ضمنی انتخاب میں ہوئی شکست کا جائزہ لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی عوام کے فیصلہ کا احترام کرتی ہے۔ انہوں نے سنسنی خیز ریمارک کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس پارٹی نے مجلس اتحادالمسلمین کے تعاون کی بنا پر ہی جیت حاصل کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بہار کے عوام نے وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت پر بھروسہ دیکھایا ہے۔

PREZ CHILDREN'S DAY:

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے یوم اطفال کے موقع پر آج راشٹرپتی بھون کے کلچرل سنٹر پر مختلف تنظیموں اوراسکولوں کے بچوں کے ساتھ بات چیت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدر جمہوریہ نے کہا کہ بچے قوم کا مستقبل ہیں جبکہ انہیں پراعتماد اور ذمہ دار شہری بنانا ضروری ہے۔

VP-CII SUMMIT

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے آج وشاکھا پٹنم، آندھرا پردیش میں 30ویں سی آئی آئی پارٹنرشپ سمِٹ 2025 کا افتتاح کیا۔ دو روزہ یہ پروگرام کنفیڈریشن آف انڈین انڈسٹری کی جانب سے حکومتِ ہند اور حکومت آندھراپردیش کے اشتراک سے منعقد کیا جارہاہے۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ہندوستان وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں تیزی سے ایک خوشحال ملک کے طور پر اُبھر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک دنیا کی تیسری بڑی معیشت بننے کی راہ پر ہے اور اسٹارٹ اپ کے اہم مرکز کے طور پر بھی ترقی کررہاہے۔ رادھا کرشنن نے بتایا کہ ڈیجیٹل انفراسٹرکچر اور ای گورننس تیز رفتار خدمات فراہم کررہے ہیں اور ٹیکنالوجی پر مبنی معیشت کی تعمیر میں مدد دے رہے ہیں۔ انہوں نے وزیراعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو کی قیادت کی بھی تعریف کی اور عالمی سرمایہ کاروں سے اپیل کی کہ وہ ملک اور آندھراپردیش میں سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔

Sound Byte.

SITHARAMAN:

مرکزی حکومت نے سوشل میڈیا پر زیرگشت ایک ویڈیو کو مسترد کردیا ہے جس کے ذریعہ یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارامن، آسان آمدنی کیلئے ایک انوسمنٹ پلیٹ فارم کی حمایت کررہی ہیں۔ پی آئی بی کے فیکٹ چیک یونٹ نے وضاحت کی کہ یہ ویڈیو جعلی ہے جسے ڈیجیٹل طریقہ سے بنایا گیا ہے۔حکومت کی جانب سے اس طرح کا کوئی پلیٹ فارم شروع نہیں کیا گیا ہے۔